احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 22/اکتوبر 2008ء

روزنامہ
FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 22/اکتوبر 2008ء 22 شوال 1429 ہجری 22/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 241

رات کا آخری حصہ

حضرت عمرو بن عبسہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:
اللہ تعالیٰ رات کے آخری حصے میں بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے پس اگر تم اس گھڑی اللہ کا ذکر کرنے والوں میں سے بن سکو تو ضرور بنو۔

(جامع ترمذی کتاب الداعوات باب فی دعاء الضیف حدیث نمبر:3503)

تدبیر ایک مخفی عبادت ہے۔ اسی سے وہ راہ کھل جاتی ہے جو بدیوں سے نجات پانے کی راہ ہے۔
(حضرت مسیح موعود)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

استغفار کے حقیقی معنے یہ ہیں کہ ہر ایک لغزش اور قصور جو بوجہ ضعفِ بشریت انسان سے صادر ہوسکتی ہے اس امکانی کمزوری کو دور کرنے کے لئے خدا سے مدد مانگی جائے تا خدا کے فضل سے وہ کمزوری ظہور میں نہ آوے۔ اور مستور و مخفی رہے۔ پھر بعد اس کے استغفار کے معنے عام لوگوں کے لئے وسیع کئے گئے اور یہ امر بھی استغفار میں داخل ہوا کہ جو کچھ لغزش اور قصور صادر ہو چکا خدا تعالیٰ اس کے بدنتائج اور زہریلی تاثیروں سے دنیا اور آخرت میں محفوظ رکھے۔ پس نجات حقیقی کا سرچشمہ محبت ذاتی خدائے عزوجل کی ہے جو عجز و نیاز اور دائمی استغفار کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اور جب انسان کمال درجہ تک اپنی محبت کو پہنچاتا ہے۔ اور محبت کی آگ سے اپنے جذباتِ نفسانیت کو جلا دیتا ہے تب یکدفعہ ایک شعلہ کی طرح خدا تعالیٰ کی محبت جو خدا تعالیٰ اس سے کرتا ہے اس کے دل پر گرتی ہے۔ اور اس کو سفلی زندگی کے گندوں سے باہر لے آتی ہے اور خدائے حیّی و قیوم کی پاکیزگی کا رنگ اس کے نفس پر چڑھ جاتا ہے بلکہ تمام صفات الٰہیہ سے ظلی طور پر اس کو حصہ ملتا ہے۔ تب وہ تجلیات الٰہیہ کا مظہر ہو جاتا ہے اور جو کچھ ربوبیت کے ازلی خزانہ میں مکتوم و مستور ہے اس کے ذریعہ سے وہ اسرار دنیا میں ظاہر ہوتے ہیں۔ چونکہ وہ خدا جس نے اس دنیا کو پیدا کیا ہے بخیل نہیں ہے بلکہ اس کے فیوض دائمی ہیں۔ اس کے اسماء اور صفات کبھی معطل نہیں ہو سکتے۔ اس لئے وہ بشرط تقویٰ اور مجاہدہ جو کچھ اولین کو دیا ہے وہ آخرین کو بھی دیتا ہے۔ جیسا کہ خود اس نے قرآن شریف میں یہ دعا سکھلائی ہے۔ (۔) یعنی اے ہمارے خدا! ہمیں وہ سیدھی راہ دکھلا جو ان لوگوں کی راہ ہے جن پر تیرا فضل اور انعام ہوا۔ اس آیت کے یہ معنے ہیں کہ وہی فضل اور انعام جو تمام نبیوں اور صدیقوں پر پہلے ہو چکا ہے وہ ہم پر بھی کر اور کسی فضل سے ہمیں محروم نہ رکھ۔ یہ آیت اس امت کو اس قدر عظیم الشان امید دلاتی ہے جس میں گزشتہ امتیں شریک نہیں ہیں۔ کیونکہ تمام انبیاء کے متفرق کمالات تھے۔ اور متفرق طور پر ان پر فضل اور انعام ہوا۔ اب اس امت کو یہ دعا سکھلائی گئی کہ ان تمام متفرق کمالات کو مجھ سے طلب کرو۔ پس ظاہر ہے کہ جب متفرق کمالات ایک جگہ جمع ہو جائیں گے تو وہ مجموعہ متفرق کی نسبت بہت بڑھ جائے گا۔ اسی بناء پر کہا گیا کہ (۔) یعنی تم اپنے کمالات کے رو سے سب امتوں سے بہتر ہو۔

(چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 380)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 106 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے چھ صد سے زائد خاندانوں کی ان کے اپنے مکانوں کی تعمیر و توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات کم و بیش 10 لاکھ روپے ہوتے ہیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆) مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد

☆) مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر معائنہ 10:00 بجے صبح

دونوں ڈاکٹرز مورخہ 26/اکتوبر 2008ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ احباب و خواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت رجسٹریشن کروالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

خلافت احمدیہ جوبلی سال کا تحفہ

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام

ربوہ کی سرزمین پر دو نئے سکولز کا افتتاح

ناصر ہائی سکول دارالیمن و مریم صدیقہ پرائمری سکول دارالرحمت

علم ہمیشہ سے وجہ امتیاز رہا ہے۔ترقی وخوشحالی نیز روشن مستقبل کے لئے علم کا فروغ لازمی فرض ہے۔اسی لئے حکم ہوا کہ مہد سے لحد تک علم حاصل کرو اور اگر اس کے حصول کے لئے تمہیں چین بھی جانا پڑے تو سفر کی صعوبتوں کو برداشت کرو تا مستقبل کے معمار زیور علم سے آراستہ ہوں۔

نظارت تعلیم جماعت احمدیہ کے بچوں کے لئے تعلیم کے حصول کو آسان تر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے ان کی محنت کو بارآور کرتے ہوئے اس **خلافت احمدیہ جوبلی کے بابرکت سال** میں دو نئے سکول تعمیر کرنے اور تعلیمی سیشن کا آغاز کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

دسمبر 2006ء میں ربوہ میں اعلیٰ تعلیمی معیار کے حامل سکول کھولنے کے لئے تجویز ہوئی۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ان کی تعمیر کی اجازت مرحمت فرمائی نیز ان دونوں سکولز کے نام بھی خود ہی عطا فرمائے۔سکولز کی تعمیر نظامت جائیداد صدر انجمن احمدیہ کی زیرنگرانی ہوئی جبکہ ان کی تزئین وآرائش میں نظارت تعلیم نے بخوبی اپنی ذمہ داری نبھائی۔ان کی تعمیر وآرائش میں مکرم ماجد احمد خان صاحب نائب ناظم جائیداد، مکرم عطاء العظیم صاحب آرکیٹیکٹ لاہور، مکرم اکبر احمد صاحب نائب ناظر صنعت وتجارت اور مکرم مشہود احمد صاحب نائب ناظر تعلیم کو غیر معمولی خدمات کی توفیق ملی۔

ناصر ہائی سکول دارالیمن وسطی

مورخہ 15/اکتوبر 2008ء کو ناصر ہائی سکول دارالیمن وسطی کے سبزہ زار میں باوقار افتتاحی تقریب زیرصدارت محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی منعقد ہوئی۔تلاوت ونظم کے بعد محترم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا۔

ناصر ہائی سکول کے لئے دارالیمن وسطی میں 7 کنال کے پلاٹ کا انتخاب کیا گیا۔اس کی باقاعدہ تعمیر کا آغاز اکتوبر 2007ء میں ہوا اور جولائی 2008ء میں تعمیر اختتام کو پہنچی۔سکول کی عمارت 10 ہزار 685 مربع فٹ پر محیط ہے جس میں 5 کلاس رومز، لائبریری، لیبارٹری، سٹاف روم، اکاؤنٹس آفس اور پرنسپل آفس شامل ہیں۔نیز ان کے علاوہ 6 باتھ رومز اور ایک عدد کچن بھی شامل ہے۔جبکہ پرنسپل آفس اور سٹاف روم کے ساتھ الگ الگ باتھ روم کی سہولت موجود ہے۔جبکہ ایک باتھ روم جسمانی طور پر کمزور بچوں کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

سکول میں مرکزی ساؤنڈ سسٹم نصب کیا گیا ہے۔گراؤنڈ کے ساتھ ساتھ تمام کلاسز، لائبریری، لیبارٹری اور سٹاف روم میں سپیکرز لگائے گئے ہیں۔جس کی مدد سے متعلقہ جگہ پر اناؤنسمنٹ کردی جاتی ہے۔اسی طرح گیلری میں بھی سپیکرز لگا کر مختلف پروگرامز کے لئے ہال کا کام لیا جارہا ہے۔تمام سپیکرز ایک ہی جگہ سے کنٹرول کئے جاتے ہیں اور حسب ضرورت آن اور آف کردیئے جاتے ہیں۔

ناصر ہائی سکول میں پرنسپل کے طور پر مکرم مجاہد احمد صاحب واقف زندگی خدمات بجالارہے ہیں۔باقی سٹاف میں انگلش اور میتھ کے دو اساتذہ جبکہ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، جنرل سائنس، عربی، مطالعہ پاکستان، دینیات اور زراعت کے ایک ایک استاد کام کررہے ہیں۔ان کے علاوہ ایک آرٹ ٹیچر اور گیمز ٹیچر بھی خدمات بجالارہے ہیں۔دیگر عملہ میں ایک لائبریرین، ایک لیبارٹری اسسٹنٹ، دو کلرک اور آٹھ مددگار کارکنان کام کررہے ہیں۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ نظارت تعلیم کے جملہ ادارہ جات میں یہ پہلا ادارہ ہے جہاں وکالت وقف نو کے توسط سے ایک واقف نو مکرم مرزا فرخ احمد صاحب ملتان سے ایم اے انگلش کرکے آئے ہیں اور بطور انگلش ٹیچر کام کررہے ہیں۔اللہ تعالیٰ سب اساتذہ کو بہترین رنگ میں اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

انہوں نے بتایا کہ مورخہ 30/اگست 2008ء کو طلباء کے والدین سے میٹنگ کی گئی جس میں 100 فیصد والدین تشریف لائے انہیں سکول کے قواعد و ضوابط سے آگاہ کیا گیا اور اگلے روز 31/اگست سے سکول میں تدریس کا آغاز اور اس میں 6th,7th,8th اور 9th کلاسز شروع کی گئی ہیں۔اس وقت ان چار کلاسز میں 191 طلباء زیر تعلیم ہیں۔کوشش کی گئی ہے کہ سکول کے ماحول میں اساتذہ اور طلباء کی دلچسپی پیدا کی جائے اس غرض سے لائبریری اور لیبارٹری کا ماحول اور سہولیات کو بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔اسی طرح کھیلوں اور جماعتی پروگرامز کے اہتمام کی جانب توجہ دی جارہی ہے۔اس سلسلہ میں اب تک دو وقار عمل اور ایک کلوأ جمیعا کا پروگرام کیا جاچکا ہے۔

ہر کلاس میں 50,45 طلباء داخل ہوچکے ہیں۔اس وقت کلاس صرف ایک سیکشن پر مشتمل ہے۔ادارہ میں 250 طلباء کی گنجائش ہے۔اس گنجائش کو بڑھانے کے لئے موجودہ عمارت کے اوپر ایک اور منزل بنانے کا پروگرام ہے۔اس نئی منزل کے بننے سے ہر کلاس کے تین سیکشنز بن سکیں گے جس سے مزید 500 طلباء کی گنجائش پیدا ہوگی۔

رپورٹ کے بعد محترم مہمان خصوصی نے مختصر خطاب کیا اور سکول کا باقاعدہ افتتاح فرمایا اور دعا کروائی۔

مریم صدیقہ پرائمری سکول دارالرحمت غربی

مورخہ 19/اکتوبر 2008ء کو مریم صدیقہ پرائمری سکول کی پُروقار افتتاحی تقریب اسی سکول کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔تلاوت ونظم کے بعد محترم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا۔

مریم صدیقہ سکول کے لئے دارالرحمت غربی میں 8 کنال 16 مرلے کے پلاٹ کا انتخاب کیا گیا۔اس سکول کی تعمیر دو مرحلوں میں کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا۔

پہلے فیز میں پرائمری حصہ کی تعمیر شامل ہے اس کی تعمیر کا آغاز فروری 2008ء میں ہوا اور جولائی 2008ء میں تعمیر اختتام کو پہنچی۔پرائمری حصہ کی عمارت 10 ہزار 635 مربع فٹ پر محیط ہے جس میں 6 کلاس رومز، سٹاف روم، اکاؤنٹس آفس اور پرنسپل آفس شامل ہیں۔نیز ان کے علاوہ 6 باتھ رومز اور ایک عدد کچن بھی شامل ہے۔جبکہ پرنسپل آفس اور سٹاف روم کے ساتھ الگ الگ باتھ روم کی سہولت موجود ہے۔

انہوں نے بتایا کہ امید ہے تعمیر کا دوسرا فیز منظوری کے بعد جلد ہی شروع کیا جاسکے گا اور اگلے تعلیمی سال میں 6th سے 9th کلاس تک کا آغاز کیا جاسکے گا۔لائبریری اور لیبارٹری بھی انشاء اللہ اگلے فیز میں تیار کی جائے گی۔یہ سکول مکمل طور پر انگلش میڈیم ہوگا۔

مریم صدیقہ سکول میں پرنسپل کے طور پر مکرمہ ثریا حنا صاحبہ خدمات بجالارہی ہیں۔جو واقف زندگی ہیں۔باقی سٹاف میں انگلش کی تین، میتھ اور سائنس کی دو دو ٹیچرز جبکہ سوشل سٹڈیز، اردو، دینیات کی ایک ایک ٹیچر کام کررہی ہیں۔ان کے علاوہ ایک آرٹ ٹیچر اور ایک گیمز ٹیچر بھی خدمات بجالارہی ہیں۔ایک لائبریرین، دو کلرک اور آٹھ مددگار کارکنان کام کررہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سب سٹاف کو بہترین رنگ میں اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

یکم ستمبر 2008ء سے سکول میں تدریس کا آغاز ہوا اور اس میں پریپ سے 4th کلاس تک 5 کلاسز شروع کی گئی ہیں۔اس وقت ان چار کلاسز میں 229 طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔

بچوں میں اپنے ادارہ سے تعلق پیدا کرنے کے لئے بچوں کی اپنی تیار کردہ چیزوں کے ڈسپلے کے لئے ایک آرٹ کارنر بھی بنایا گیا ہے۔جبکہ ہر کلاس میں بھی ایک Art Area بنایا گیا ہے جہاں بچے کارپٹ پر بیٹھ کر ڈرائنگ اور آرٹ ورک کرتے ہیں اور بچوں کے نمایاں کام کو آرٹ کارنر میں ڈسپلے کیا جاتا ہے۔تمام بچوں کو انگلش بولنے کی جانب آہستہ آہستہ راغب کیا جارہا ہے۔اسی طرح دینیات کی تعلیم کے لئے وقف نو کے نصاب کو سامنے رکھا گیا ہے۔

کھیلوں اور جماعتی پروگرامز کے اہتمام کی جانب بھی توجہ دی جارہی ہے۔اس سلسلہ میں اب تک ایک حمدیہ محفل، 2 کلوأ جمیعا اور ایک وقار عمل ہوچکے ہیں۔نیز عیدالفطر کے بعد عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔بچے رنگ برنگے کپڑے پہن کر شریک ہوئے۔چھوٹی چھوٹی مختلف کھیلیں اور سرپرائز گفٹ رکھے گئے تھے جن سے بچے خوب لطف اندوز ہوئے۔

بعدازاں محترم مہمان خصوصی نے مختصر خطاب کیا اور فیتہ کاٹ کر سکول کا باقاعدہ افتتاح فرمایا اور دعا کروائی۔

محترم ناظر صاحب اعلیٰ کی ہدایات

دونوں سکولز کے افتتاح کے مواقع پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے اساتذہ کو نظام تعلیم کو بہتر کرنے کے لئے دو ہدایات بیان فرمائیں۔اول یہ کہ اساتذہ بچوں کو نصاب یاد کروانے کی حد تک ہی نہ رہیں بلکہ بچوں کے لئے نصاب میں موجود تعلیم کے Concept کو واضح کرنے کی ضرورت بھی ہے تاکہ بچے خود سوچنے اور غور کرنے کی عادت ڈالیں۔ہمارے نظام تعلیم میں طلباء کو سوالات کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی بلکہ اسے گستاخی سمجھا جاتا ہے۔طالب علم کے سوالات کرنے سے ان کے مسائل سامنے آتے ہیں اور ان کو حل کیا جاتا ہے۔دوسرے یہ کہ دینیات کے نصاب پر خصوصی توجہ دی جائے۔اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ایم ٹی اے پر نشر ہونے والی بچوں کی کلاسز سے بھی استفادہ کیا جائے۔

دونوں تقاریب میں بزرگان سلسلہ اور معززین شہر مدعو تھے۔جنہوں نے سکول کا وزٹ کیا۔طلباء کلاسز میں موجود تھے اور سکول کے اوقات کی طرح سٹڈی کا ماحول بنایا گیا تھا۔صاف ستھرے خوشگوار ماحول میں تعلیم دی جارہی ہے۔سکولوں کی عمارت اور اس کی صفائی قابل دید تھی۔تمام احباب تعمیر وآرائش اور ماحول سے متاثر ہوئے اور اچھے نیک جذبات کا اظہار کیا۔

خدا تعالیٰ جماعت کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور اپنے فضل سے طلباء کو تعلیمی میدان میں کامیابیوں سے نوازتا چلا جائے اور دونوں سکولوں کو جماعت کے سابقہ معیار کو قائم رکھتے ہوئے تعلیمی میدان میں آگے سے آگے قدم بڑھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

(ایم آر طاہر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کی تحریکات

ایف اے تک تعلیم حاصل کرنے، سیکرٹریان تعلیم کو فعال بنانے اور سائنسی ریسرچ کے لئے تحریکات

عبدالسمیع خان

یہ زمانہ علم اور قلم کا زمانہ ہے اور تحریر وتقریر کے ذریعہ دنیا پر حق کا غلبہ مقدر ہے۔ حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ سے یہ بشارت پائی کہ میرے فرقہ کے لوگ علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے۔ چنانچہ قرآنی علوم کی خدمت کے لئے حضرت مسیح موعود نے علوم جدیدہ حاصل کرنے کی بڑے زور سے تحریک فرمائی۔

بیسویں صدی کے آغاز میں ہندوستان میں شرح خواندگی بہت کم تھی اور تعلیم حاصل کرنے کے ذرائع بھی بہت محدود تھے اس لئے خلافت ثانیہ میں تعلیم کا کم ازکم معیار پرائمری اور مڈل قرار دیا گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ہر احمدی بچے کو میٹرک تک تعلیم حاصل کرنے کی تحریک فرمائی۔

دنیا روزانہ علم کے نئے اوراق پلٹ رہی ہے اور مغربی اقوام علم کے زور پر دنیا پر اپنا سیاسی اور معاشی تفوق بڑھاتی چلی جارہی ہیں۔ جس کے نتیجہ میں ان کا الحادی کلچر بھی بڑے زور کے ساتھ دنیا کے ہر خطے میں نشوونما پارہا ہے۔

اعداد وشمار کے مطابق 61 مسلم ممالک میں صرف 500 یونیورسٹیاں ہیں جبکہ صرف امریکہ میں 5758 اور ٹوکیو شہر میں ایک ہزار یونیورسٹیاں ہیں۔ پوری عرب دنیا میں صرف 35 ہزار فل ٹائم ریسرچ سکالرز ہیں جبکہ صرف امریکہ میں ان کی تعداد 22 لاکھ ہے۔ پوری مسلم دنیا اپنے جی ڈی پی کا صرف 02. فیصد ریسرچ پر خرچ کرتی ہے جبکہ عیسائی دنیا اپنی آمدنی کا 5 فیصد حصہ تحقیق اور علم پر لگاتی ہے۔

دنیا کی پہلی 20 یونیورسٹیوں میں 18 امریکہ میں ہیں۔ کمپیوٹر کے پہلے 10 بڑے ادارے امریکہ میں ہیں۔ دنیا میں سب سے زیادہ نوبیل انعام یافتہ سائنسدان امریکہ میں ہیں اور ان کی اکثریت یہودی ہے۔ (روزنامہ ایکسپریس یکم اگست 2006ء)

اسی لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا کہ مغرب اور امریکہ کو آپ اس وقت تک فتح نہیں کرسکتے جب تک کہ علم کے میدان میں ان کو شکست نہ دیں۔

اس پس منظر میں جماعت احمدیہ اپنے محدود وسائل کے ساتھ اپنی نئی نسل کو علمی میدان میں بلندیوں پر پہنچانے کے لئے کوشاں ہے۔ اس بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے متعدد تحریکات فرمائی ہیں جن کا خلاصہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

کم ازکم تعلیمی معیار۔ ایف اے

حضور نے خطبہ جمعہ 5 دسمبر 2003ء میں فرمایا۔

پاکستان میں ہر بچے کے لئے خلیفۃ المسیح الثالث نے یہ شرط لگائی تھی کہ ضرور میٹرک پاس کرے بلکہ اب تو معیار بلند ہوگئے ہیں اور میں کہوں گا کہ ہر احمدی بچے کو ایف اے ضرور کرنا چاہئے۔

افریقہ میں جو کم ازکم معیار ہے پڑھائی کا سیکنڈری سکول کا یا جی سی ایس سی، یہاں بھی ہے، وہاں بھی۔ اسی طرح ہندوستان اور بنگلہ دیش اور دوسرے ملکوں میں، یہاں بھی میں نے دیکھا ہے یورپ کے اور امریکہ کے بعض لڑکے ملتے ہیں وہ پڑھائی چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ تو یہ کم ازکم معیار ضرور حاصل کرنا چاہئے بلکہ یہاں تک تعلیمی سہولتیں ہیں بچوں کو اور بھی آگے پڑھنا چاہئے اور سیکرٹریان تعلیم کو اپنی جماعت کے بچوں کو اس طرف توجہ دلاتے رہنا چاہئے۔ اگر تو یہ بچے جس طرح میں نے پہلے کہا، کسی مالی مشکل کی وجہ سے انہوں نے پڑھائی چھوڑی ہوئی ہے تو جماعت کو بتائیں جماعت انشاء اللہ حتی الوسع ان کا انتظام کرے گی۔ (خطبات مسرور جلد اول ص 520,519)

سیکرٹریان تعلیم کو ہدایات

اس سے قبل حضور نے سیکرٹریان تعلیم کو فعال ہونے کی ہدایات دیتے ہوئے فرمایا۔

عموماً سیکرٹریان تعلیم جماعتوں میں اتنے فعال نہیں جتنی ان سے توقع کی جاتی ہے یا کسی عہدیدار سے توقع کی جاسکتی ہے اور یہ میں یونہی اندازے کی بات نہیں کررہا، ہر جماعت اپنا اپنا جائزہ لے لے تو پتہ چل جائے گا کہ بعض سیکرٹریان پورے سال میں کوئی کام نہیں کرتے۔ حالانکہ مثلاً سیکرٹری تعلیم کی مثال دے رہا ہوں، سیکرٹری تعلیم کا یہ کام ہے کہ اپنی جماعت کے ایسے بچوں کی فہرست بنائے جو پڑھ رہے ہوں، جو سکول جانے کی عمر کے ہیں اور سکول نہیں جارہے۔ پھر وجہ معلوم کریں کہ کیا وجہ ہے وہ سکول نہیں جارہے۔ مالی مشکلات ہیں یا صرف نکما پن ہی ہے اور ایک احمدی بچے کو تو توجہ دلانی چاہئے کہ اس طرح وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔

پھر فرمایا:۔

بعض بچوں کو عام روایتی پڑھائی میں دلچسپی نہیں ہوتی۔ اگر اس میں دلچسپی نہیں ہے تو پھر کسی ہنر کے سیکھنے کی طرف بچوں کو توجہ دلائیں۔ وقت بہرحال کسی احمدی بچے کا ضائع نہیں ہونا چاہئے۔ پھر ایسی فہرستیں ہیں جو ان پڑھے لکھوں کی تیار کی جائیں جو آگے پڑھنا چاہتے ہیں۔ ہائر سٹڈیز کرنا چاہتے ہیں لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے نہیں پڑھ سکتے تو جس حد تک ہوگا جماعت ایسے لوگوں کی مدد کرے گی۔ لیکن بہرحال سیکرٹریان تعلیم کو خود بھی اس سلسلے میں Active ہونا پڑے گا اور ہونا چاہئے۔ تو یہ چند مثالیں ہیں۔ جو ذمہ داری ہے سیکرٹری تعلیم کی اور بھی بہت سارے کام ہیں اس بارہ میں چند مثالیں میں نے دی ہیں۔ اگر محلے کے لیول سے لے کر نیشنل لیول تک سیکرٹریان تعلیم مؤثر ہو جائیں اور کام کرنے والے ہوں تو یہ تمام باتیں جو میں نے بتائیں ہیں اور ان کے علاوہ بھی اور بہت ساری باتیں ہیں ان سب کا علم ہوسکتا ہے۔ فہرست تیار ہوسکتی ہے اور پھر ایسے طلباء کو مدد کرکے پھر آگے پڑھایا بھی جاسکتا ہے۔ (خطبات مسرور جلد اول ص 520,519)

کمزور بچوں کی مالی امداد

مالی لحاظ سے کمزور بچوں کی تعلیم کے لئے جماعت کی طرف سے حضور نے بار بار مدد فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ فرمایا:۔

اگر کوئی بچہ مالی حالت کی کمزوری کی وجہ سے تعلیم حاصل نہیں کررہا تو جماعت کو بتائیں۔ مجھے بتائیں انشاء اللہ کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں رہے گا۔ لیکن بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا ان پر ظلم ہے۔ (الفضل 6 جولائی 2004ء)

2004ء میں حضور افریقہ کے دورہ پر تشریف لے گئے۔ 14 مارچ 2004ء کو حضور نے ٹی آئی سیکنڈری سکول اکمنی ایسارچر غانا کا معائنہ فرمایا۔

حضور انور نے ایک طالب علم سے جو حضور انور کو شعبہ جغرافیہ کے چارٹس دکھا رہا تھا فرمایا: اگر تم فائنل امتحان میں 80 فیصد نمبر لے لو تو میرا تم سے وعدہ ہے کہ غانا سے باہر کسی بھی یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم دلواؤں گا۔ اس خوش قسمت طالب علم کا نام Enock Yaw asamoah ہے جو سکول کے شعبہ آرٹس میں فائنل ایئر کا سٹوڈنٹ ہے۔

حضور انور نے سکول کے ہیڈ ماسٹر Mr. Dimbie Mumuni Issah کو ایگریکلچر Department بھی کھولنے کا ارشاد فرمایا۔

حضور انور نے سکول کے کمپیوٹر سیکشن کا معائنہ فرمایا جو اس چھوٹے سے کمرہ میں ہے جہاں حضور کا بطور پرنسپل دفتر ہوتا تھا۔

کمپیوٹرز کی تعداد بہت کم تھی۔ اس پر حضور انور نے ازراہ شفقت فرمایا۔

اپنے کمپیوٹر سیکشن کو وسیع کرکے مجھے اطلاع دیں تو میں اس میں پانچ کمپیوٹرز اور ایئر کنڈیشنر لگوا دوں گا۔

(الفضل 28 دسمبر 2004ء)

27 مارچ 2004ء کو حضور نے بورکینا فاسو کے جلسہ سالانہ سے اختتامی خطاب میں فرمایا:۔

بورکینا فاسو کے احمدی بچوں کو نصیحت ہے کہ تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دیں۔ کیونکہ احمدی بچے کا تعلیمی معیار دوسروں سے بلند ہونا چاہئے اور اگر آپ میں اتنا Talent ہے کہ ملک سے باہر کی یونیورسٹیوں میں اعلیٰ تعلیم کے لئے داخلہ مل سکتا ہے تو پھر اس راستہ میں آپ کے مالی مسائل کو جماعت روک نہیں بننے دے گی۔ (الفضل 28 دسمبر 2004ء ص 53)

31 مارچ 2004ء کو کایا بورکینا فاسو احمدیہ مشن ہاؤس کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

ہر احمدی بچے کا یہ حق ہے کہ وہ تعلیم حاصل کرے اور کوئی بچہ اس وجہ سے تعلیم نہ چھوڑے کہ اس کے پاس مالی وسائل نہیں ہیں اگر تعلیم کے حصول میں مالی روک ہو تو مجھے بتائیں۔ انشاء اللہ آپ کو مالی وسائل مہیا کئے جائیں گے۔ علم حاصل کرنے کی بڑی اہمیت ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔ فرمایا مراد یہ ہے کہ چاہے مشکلات ہوں پھر بھی تعلیم حاصل کرنا لازمی ہے۔ تعلیم حاصل کرکے ہی آپ ملک کی خدمت کرسکتے ہیں اور دینی کام کرسکتے ہیں۔ (الفضل 28 دسمبر 2004ء ص 57)

اسی طرح دورہ بینن کے دوران 7 اپریل 2004ء کو توئی شہر میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

تعلیم حاصل کرنا ہمارے بچوں کا حق ہے۔ اس کے لئے جتنی کوشش کی جائے کم ہے۔ اس کے لئے میں والدین سے ماؤں سے، باپوں سے کہتا ہوں خواہ وہ پڑھے ہوئے ہوں یا ان پڑھ ہوں بچوں کی تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دیں۔ آئندہ اس کے بغیر گزارہ نہیں۔ بچے صرف اس لئے نہیں ہونے چاہئیں کہ وہ بڑے ہوکر ہاتھ بٹائیں گے۔ Farming میں ہماری مدد کریں گے۔ بلکہ بچوں کا جو حق ہے وہ ادا کریں کہ ان کی تربیت کریں اور تعلیم دلوائیں۔

فرمایا اپنی مالی مجبوری کی وجہ سے والدین بچوں کو پڑھائی سے نہ روکیں۔ اگر مالی مجبوری کی وجہ سے بچے تعلیم حاصل نہیں کرسکتے تو مجھے بتائیں۔ کوئی بچہ اس وجہ سے پڑھائی سے محروم نہیں رہے گا۔ اس علاقہ میں جہاں نہ پانی، نہ بجلی کی سہولت ہے اور نہ تعلیم کی۔ میں چاہتا ہوں کہ اس علاقہ کے بچے اتنا پڑھ لکھ جائیں کہ ملک کے لیڈر بن سکیں۔

(الفضل 28 دسمبر 2004ء ص 74)

حضور نے 2005ء میں دورہ یوگنڈا کے دوران

Mibikko کے احمدیہ پرائمری سکول میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

یہاں کی جو احمدی آبادی ہے ان کو اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ ان کے بچے ضرور تعلیم حاصل کریں اور پرائمری کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد سیکنڈری سکول میں داخل ہوں۔

حضور انور نے فرمایا کہ بغیر کسی امتیاز کے جس کے بچے پڑھائی میں اچھے ہوں گے اور ان کے مالی حالات کمزور ہوں گے تو جماعت ان کی مدد کرے گی۔ جو بچے اچھے اور ذہین ہوں گے اور ان کو یونیورسٹیوں میں داخلہ مل جائے گا تو جماعت ایسے غریب بچوں کی مدد کرے گی۔

حضور انور نے فرمایا کہ میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ جو بچے اچھی تعلیم حاصل کریں گے۔ اگر ان کو بیرونی یونیورسٹیوں میں داخلہ مل گیا اور ان کو مالی مدد کی ضرورت پڑی تو جماعت ان کی مدد کرے گی۔ اس لئے ہر بچہ جو تعلیم حاصل کر رہا ہے وہ پوری کوشش کرے اور ان کے والدین پوری کوشش کریں کہ وہ بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں۔

(الفضل 2 جون 2005ء)

صدر مملکت یوگنڈا سے ملاقات کے دوران حضور نے احمدی اور غیر احمدی کی تفریق کے بغیر ذہین طلباء کی مدد کرنے کی پیشکش کرتے ہوئے فرمایا:۔

یہاں بھی جو ذہین طلباء ہوں گے اور ٹاپ کریں گے اور بیرونی ممالک کی یونیورسٹیوں میں داخلہ ملنے کی صورت میں اگر انہیں مالی مدد کی ضرورت ہوئی تو انشاءاللہ جماعت مدد کرے گی۔

(الفضل 8 جون 2005ء)

امداد طلبہ کی تحریک

حضور نے خطبہ عید الفطر 13 ر اکتوبر 2007ء میں فرمایا:۔

طلباء کی مد ہے ایک یہ بھی پرانی مد چل رہی ہے، یہ بھی بہت پرانی سکیم ہے جیسا کہ میں نے کہا جماعت میں رائج ہے بڑے عرصہ سے۔ تعلیم بھی اتنی زیادہ مہنگی ہو چکی ہے اب غریب ملکوں میں بھی کہ بعض دفعہ ایک اوسط درجہ کے آدمی کی پہنچ سے باہر ہو جاتی ہے جس کے بچے زیادہ ہوں، اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہو سکتا ہے مثلاً یہاں اگر پا ہونے والا ہر طالب علم اپنے غریب طالب علم بھائیوں کے لئے دس پندرہ پونڈ سال میں دین تو اتنی رقم کہ وہ شاید یہاں مہینہ میں بازار سے کچھ چیزیں کھا لیتے ہوں گے تو غریب ملکوں میں ایک طالب علم کا سال بھر کی کتابوں کا اور بعض دوسرے خرچ پورے ہو جاتے ہیں اس رقم سے اور یہی حقیقی خوشی اور حقیقی عید کا ہے اور یہی باعث بنی چاہئے حقیقی خوشی کا ہمارے لئے، یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

سائنسی علوم کی طرف توجہ کرنے کی تحریک

علم کا ہر شعبہ علم ہی ہے مگر اس دور میں ہر قسم کی ترقی کے لئے سائنسی علوم کی طرف خاص توجہ ناگزیر ہے اور جس قوم کے پاس جتنے سائنسدان، جتنی لیبارٹریاں اور جتنی سائنسی درسگاہیں ہوں گی وہ قوم اتنی ہی ترقی یافتہ کہلائے گی۔

اعداد و شمار کے مطابق اسلامی دنیا میں 21 لاکھ لوگوں میں سے صرف 230 لوگوں کو سائنس کا علم ہوتا ہے جبکہ امریکہ کے 10 لاکھ میں سے 4 ہزار اور جاپان کے 5 ہزار شہری سائنسدان ہوتے ہیں۔

چین اور بھارت علم اور ٹیکنالوجی میں نئی طاقت بن کر ابھر رہے ہیں۔ امریکی ماہرین کا خیال ہے چین 2045ء میں امریکہ کی جگہ لے لے گا، اس کی وجہ یونیورسٹیاں اور ٹیکنالوجی ہے، چین میں اس وقت 9000 اور بھارت میں 8407 یونیورسٹیاں ہیں۔

یہ دونوں ملک ہر سال 9 لاکھ 50 ہزار انجینئر پیدا کرتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں امریکہ میں ہر سال صرف 70 ہزار نئے انجینئر مارکیٹ میں آتے ہیں۔ اس وقت دنیا میں 120 کیمیکل پلانٹس بن رہے ہیں، ان میں سے 50 چین میں ہیں۔

(روزنامہ ایکسپریس یکم اگست 2006ء)

سائنسدانوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ 5 لاکھ بچوں میں سے صرف 20 ہزار سائنس میں دلچسپی لیتے ہیں۔ ان میں سے صرف دو سو ایم ایس سی کی سطح تک پہنچتے ہیں۔ صرف 5 پی ایچ ڈی کر سکتے ہیں اور 100 پی ایچ ڈی کرنے والوں میں سے صرف ایک پروفیسر بین الاقوامی شہرت پاتا ہے جبکہ بین الاقوامی شہرت پانے والے دو سو پروفیسروں میں سے کوئی ایک دنیا کو نئی چیز یا نئی ایجاد پیش کرتا ہے۔

(روزنامہ ایکسپریس 11 جنوری 2003ء)

ان حالات میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے سائنسی تعلیم کے حصول کی طرف خصوصی توجہ دلائی اور مجلس خدام الاحمدیہ UK کے نیشنل اجتماع منعقدہ 17 ستمبر 2006ء کے موقع پر اختتامی خطاب میں فرمایا:۔

''آج آپ طلباء اگر یہ ارادہ کر لیں کہ سائنس کے میدان میں اتنا آگے بڑھنا ہے کہ آئندہ اس ملک کو سائنسدانوں کی جو ضرورت ہے وہ آپ نے پوری کرنی ہے تو یہ...... کے نام کو روشن کرنے والا ایسا کام ہو گا جس سے جیسا کہ میں نے کہا یہ قومیں مجبور ہوں گی کہ پھر یہ...... کے خلاف کوئی بات نہ کر سکیں گے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جوبلی کے سال میں فرمایا تھا، کچھ سائنسدانوں کی تعداد بتائی تھی، میرا خیال ہے سو یا کتنی کہ مجھے احمدی بچوں میں سے ایسے سائنسدان چاہئیں جو ڈاکٹر سلام صاحب کا مقام حاصل کریں۔ تو ابھی تک تو وہ ہم حاصل نہیں کر سکے۔ تو آپ لوگ جو ان ملکوں میں پڑھ رہے ہیں، ان ملکوں میں رہ رہے ہیں۔ پڑھائی کی سہولتیں ہیں، مواقع میسر ہیں، اس سے فائدہ اٹھائیں اور آگے سے آگے بڑھتے چلے جائیں''۔

(ماہنامہ نور الدین جرمنی ستمبر 2007ء ص 1)

پھر نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ جرمنی کو ہدایات دیتے ہوئے فرمایا:۔

خدام الاحمدیہ یو۔کے کے اجتماع پر میں نے توجہ دلائی تھی اور کل انصار اللہ کی میٹنگ میں بھی انہیں کہا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خواہش تھی کہ جوبلی کا سال جب آئے تو جماعت احمدیہ کو ڈاکٹر عبدالسلام صاحب جیسے سو سائنسدان چاہئیں۔ تو ایسی صلاحیت رکھنے والے طلباء کو تلاش کریں، ان کی رہنمائی کریں اور انہیں سائنس کے مختلف مضامین میں ریسرچ کرنے کی طرف توجہ دلائیں۔

(الفضل 6 جنوری 2007ء)

نیز 24 دسمبر 2006ء کو مجلس عاملہ انصار اللہ جرمنی کو ہدایات دیتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ:۔

''احمدی بچوں کو زیادہ سے زیادہ ریسرچ کے میدانوں میں آنا چاہئے اور اگلے پندرہ بیس سال میں اس تحقیق کے میدان میں احمدیوں کا بہت اچھا تناسب ہونا چاہئے تاکہ یہ ملک احمدیوں کو اپنے ملکوں میں رکھنے پر مجبور ہو جائیں۔ محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے حوالہ سے حضور انور نے فرمایا کہ فزکس، کیمسٹری اور میڈیکل کے میدانوں میں بھی احمدیوں کو آگے آنا چاہئے۔ اس ضمن میں حضور انور نے فرمایا کہ مجھے امید ہے اور میری دعا ہے کہ ڈاکٹر نعیم صاحب ایک دن انشاءاللہ نوبیل انعام حاصل کر لیں گے''۔

(الفضل 6 جنوری 2007ء ص 5)

ان سب ہدایات کی روشنی میں جماعت احمدیہ کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھ گئی ہے اور نادار طلباء کے لئے جماعت اپنی استطاعت کے مطابق بھرپور خرچ کر رہی ہے۔

تعلیمی تمغہ جات

تعلیمی تمغہ جات کی جو سکیم خلافت ثالثہ میں شروع کی گئی تھی اسے بھی بہت وسعت دی گئی ہے۔ حضور نے جلسہ سالانہ قادیان 2005ء کے موقع پر ہندوستان اور پاکستان کے 132 طلباء و طالبات کو تمغہ جات عطا فرمائے۔

(الفضل 30 جنوری 2006ء ص 4,3)

یہ سکیم کئی ممالک میں جاری ہو چکی ہے۔ چنانچہ جلسہ برطانیہ 2007ء میں حضور نے متعدد طلباء اور طالبات کو میڈلز عطا فرمائے۔

اسی طرح جلسہ سالانہ جرمنی 2007ء کے موقع پر تقسیم انعامات کی تیسری تقریب میں حضور نے 55 طلباء اور 32 طالبات میں تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں میں اسناد اور میڈلز تقسیم فرمائے۔ (الفضل 13 ستمبر 2007ء ص 4,3)

بلڈ پریشر اور شوگر کے مریض کے لئے احتیاطی تدابیر

امریکن ذیابیطس ایسوسی ایشن اور امریکن کالج آف کارڈیالوجی کے ایک سروے کے مطابق 60 فیصد تک افراد ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کے شکار ہیں۔ مگر 68 فیصد افراد جو کہ ذیابیطس کے مریض ہیں وہ اس بات سے بے خبر ہیں کہ یہ دونوں امراض اکٹھے ہو کر دل کے امراض اور فالج کے خطرات میں دوگنا اضافہ کر کے عمومی طور پر موت کا باعث بھی بنتے ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر یا بلند فشار خون کیا ہے؟

بلند فشار خون کا مطلب ہے کہ آپ کی شریانوں میں خون کا دباؤ زیادہ ہے۔ اس کی وجہ سے آپ کے دل کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے فالج یا دل کے امراض کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر کا ذیابیطس سے تعلق

ذیابیطس کے مریض عام طور پر ہائی بلڈ پریشر کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ ذیابیطس کے ہر تین مریضوں میں سے دو تہائی بلڈ پریشر کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ دونوں امراض اکٹھے ہو کے دوہرا خطرہ پیدا کر دیتے ہیں۔ اس سے دل کے امراض، گردوں کے امراض، فالج، آنکھوں اور نسوں پر اثرات میں اضافے کے خطرات بھی بڑھ جاتے ہیں۔

بلڈ پریشر میں کیا کرنا چاہئے؟

☆کم نمک استعمال کریں۔

☆ورزش کریں۔

☆سگریٹ نوشی ترک کر دیں۔

☆کھانے میں چکنائی کا استعمال کم کریں۔

☆پھلوں اور سبزیوں کا استعمال زیادہ کریں۔

☆اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں جو آپ کو ایسی بلڈ پریشر کی دوائی تجویز کریں گے جو آپ کے بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ آپ کے گردوں اور آنکھوں کی حفاظت بھی کرے گی اور دل کی بیماریوں اور فالج کے خطرات میں بھی کمی لائے گی۔

اس دوران درج ذیل ہدایات کو بھی مدنظر رکھیں۔

☆آپ کے خون میں شوگر کی HbA1c کی بدولت پچھلے دو تین ماہ میں شوگر کے کنٹرول کا پتہ چلتا ہے۔ 1 تا 7 کے درمیان ہونا چاہئے۔

☆آپ کا بلڈ پریشر 130/80 BP سے نیچے ہونا چاہئے۔

☆اپنے کولیسٹرول کو کنٹرول میں رکھیں کیونکہ آپ کی شریانوں کو اس سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ 100 LDL-C سے نیچے ہونا چاہئے۔

☆☆☆

مکرم انیس احمد ندیم صاحب مربی انچارج جاپان

63سال پہلے ہیروشیما میں تاریخ انسانی کی بدترین تباہی

ہیروشیما جاپان کے تقریباً وسط میں جنوب مغرب کی طرف واقع ایک شہر ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے وقت جاپان کے اہم فوجی مرکز ہونے کی وجہ سے اسے ایک خاص اہمیت حاصل تھی۔ شہر کی آبادی ساڑے تین لاکھ کے قریب تھی اور زیادہ تر لوگ صنعت وتجارت کے پیشہ سے وابستہ تھے۔

ہیروشیما شہر میں یہ 6/اگست 1945ء کی صبح کا منظر ہے۔ صبح کے آٹھ بج رہے ہیں کچھ لوگ ابھی ابھی ناشتہ سے فارغ ہوئے ہیں۔ بچوں نے تیار ہوکر سکول جانا شروع کیا ہے۔ اور باقی لوگ اپنے کام کی تیاری کے لیے گھروں سے نکل چکے ہیں۔

اچانک ہیروشیما شہر ایک زوردار گونج اور دھماکے سے لرز اُٹھا ھنستا بستا ہیروشیما اچانک شہر خموشاں میں تبدیل ہوگیا۔ اس دھماکے سے دھویں کا ایسا خوفناک طوفان فضا میں بلند ہوا کہ دیکھتے ہی دیکھتے آسمان کی بلندیوں کو چھونے لگا اور عینی شاہدین کہتے ہیں کہ دھویں کا ایک ایسا طوفان تھا جو زمین سے اُٹھنے کے بعد ایک چھتری نما ستون بن کر فضا میں بلند ہوا اور چند منٹ میں بارہ ہزار میٹر کی بلندی کو پہنچ گیا۔

اس تباہی کے لیے ہیروشیما کا انتخاب کیوں کیا گیا؟

امریکہ نے کئی غیر معمولی وجوہات کی بناء پر اس تباہی کے لیے ہیروشیما کو تختہ مشق بنایا۔ یہ جاپان کی مشہور بندرگاہ ہونے کے ساتھ ساتھ اہم فوجی مرکز تھا۔ ابھی تک کی بمباری میں یہ شہر کافی حد تک محفوظ تھا۔ امریکی فوجی ماہرین کا خیال تھا کہ اس شہر میں تباہی کا صحیح اندازہ کرنا بھی آسان ہوگا۔ اور فوجی مرکز کی تباہی کے ساتھ ساتھ جب شہری آبادی تباہی سے دو چار ہوگی تو جاپان بآسانی ہتھیار ڈال دے گا۔

تباہی کا سفر

6اگست کو امریکہ کے وقت کے مطابق دو بجے B29 بمبار طیارہ ایٹم بم کو لے کر تباہی کے اس سفر پر روانہ ہوا۔ اس بم کا نام Little Boy رکھا گیا جبکہ اس مشن کو EnolaGay کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ چار انجنوں والا یہ طاقتور بمبار طیارہ روانہ کرتے ہوئے دو مزید طیارے اس کے ساتھ ہیروشیما کی تباہی کے سفر کے لیے روانہ کئے گئے جن کے ساتھ کیمرے اور دیگر سائنسی آلات تھے۔ عام سائز میں تو یہ بم صرف دس فٹ لمبا اور تیس انچ چوڑا تھا لیکن اس میں بیس ہزار ٹن دھماکہ کی طاقت تھی جو اس کے بنانے والوں کے اندازہ کے مطابق پانچ کلومیٹر کے علاقہ میں ہر چیز کو تباہ وبرباد کرنے کی اہلیت رکھتا تھا۔

جہاز کے پرواز کرتے ہی کیپٹن نے اعلان کیا کہ ہم جاپان کے شہر ہیروشیما کو نشانہ بنانے جارہے ہیں اور ہم اس وقت ایٹم بم سے مسلح ہیں۔ صبح 7:00 بجے کے قریب جاپانی ریڈاروں نے 26,000 فٹ بلند ایک امریکی طیارہ کو جاپانی حدود کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھا اور وارننگ جاری کرنے کے ساتھ حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی بھی تلقین کی۔ 8:00 بجے دوبارہ سائرن بجے اور وارننگ جاری کی گئی۔ لیکن لوگ معمول کے کاموں میں مشغول رہے۔ 8:09منٹ پر جہاز کا عملہ شہر کی فضا کو اچھی طرح دیکھنے کے قابل تھا اس کے ساتھ ہی ٹھیک 8:15 بجے پر پہلا ایٹم بم چلا دیا گیا۔ ہیروشیما پر یہ بم تقریباً دو ہزار فٹ کی بلندی سے گرایا گیا۔

بم کی تباہ کاریاں

جس جگہ یہ بم گرا وہاں کا درجہ حرارت دس لاکھ سینٹی گریڈ تک بڑھ گیا اور ہر چیز جھلس کر رہ گئی اور تاریخ انسانی اپنی بدترین تباہی کا شکار ہوئی۔ ڈیڑھ لاکھ انسان لمحوں میں لقمہ اجل بن گئے۔

ہیروشیما میں جو تباہی برپا ہوئی اس کے اثرات اردگرد کے علاقوں میں بھی دیکھنے کو ملے۔ چالیس کلو میٹر دور تک دھماکہ کی شدت محسوس کی گئی اور در و دیوار لرز کر رہ گئے۔

B29 بمبار جہاز کا عملہ اور دیگر دو جہاز اس تباہی کے منظر کو فضا سے دیکھتے رہے۔ بم زمین پر گرتے ہی چند سیکنڈز کے اندر دھویں اور آگ کے بادلوں نے جب فضا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تو جہاز کے کو پائلٹ نے بے اختیار کہا "My God, what have we done?" تقریباً نو بجے تک یہ جہاز ہیروشیما کی فضا کے قریب رہا۔ اور تباہی کے مناظر کو سنگدلی سے محفوظ کیا جاتا رہا۔

ہیروشیما میں جو تباہی برپا ہوئی تھی اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ درجہ حرارت دس لاکھ سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا اور انسانیت اس تباہی کے سامنے بےبسی کی تصویر بنی نظر آئی۔ ساری فضا کو گرد و غبار، دھویں اور آگ کے ساتھ انسانی اعضاء اور دیگر اشیاء کے طوفان نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ دھماکہ کے فوراً بعد جہاں انسان پانی کی بوند بوند کو ترس رہے تھے۔ دیکھتے ہی دیکھتے آسمان سے موسلا دھار بارش برسنے لگی۔ لیکن اس بارش میں وہ ٹھنڈک ،خوشگواری کا احساس قطعاً نہ تھا بلکہ پانی کے ساتھ ساتھ اس گرد و غبار کی بارش تھی جس نے فضا کو گھیر رکھا تھا۔

ہیروشیما اس اندوہناک تباہی سے دوچار تھا اور جاپانی حکام ابھی تک اس کی ہولناکی سے بے خبر تھے۔ ٹوکیو سے سات سو کلومیٹر دور اس شہر سے مواصلاتی رابطے بھی کٹ چکے تھے لیکن اردگرد کے علاقوں اور شہروں سے جو اطلاعات ٹوکیو پہنچ رہی تھیں ان کے مطابق لوگوں کا کہنا تھا کہ انہوں نے خوفناک قسم کے بادل آسمان پر بلند ہوتے دیکھے ہیں، بعض لوگوں کا کہنا تھا کہ انہوں نے ایک زبردست دھماکے کی آواز سنی ہے، بعض نے روشنی کے شعلے اُٹھتے دیکھے اور اسے ایک غیر معمولی تباہی قرار دیا۔

جاپان کے جنگی ماہرین ابھی ان خبروں اور قیاس آرائیوں میں تھے اور کسی نتیجہ پر نہ پہنچے تھے کہ دھماکہ سے 16 گھنٹے بعد واشنگٹن سے امریکی حکام نے یہ اعلان کرکے دنیا کو چونکا دیا کہ امریکہ کے ایک جہاز نے ہیروشیما پر ایک بم گرایا ہے اہل جاپان کے لیے ایٹمی تباہ کاری سے متعلق یہ پہلا اعلان تھا لیکن جاپان کے جنگی ماہرین نے ایک میٹنگ کے بعد ایٹمی دھماکے کو افواہ قرار دیدیا اور اپنے اس موقف کا اعادہ کیا کہ امریکہ کے پاس ابھی تک ایٹمی ہتھیار نہیں ہیں اور جاپان کو ہراساں اور جنگ سے پسپا کرنے کے لیے یہ اعلانات کئے جارہے ہیں۔

اسی دوران جب جنگی ماہرین نے ہیروشیما شہر کا دورہ کیا اور دور سے ہی دل ہلا دینے والے مناظر نے جنگی ماہرین کو بھی حواس باختہ کردیا اور انہیں ایٹم بم کی تباہ کاریوں کا احساس ہوا۔

ہیروشیما مکمل تباہ شدہ ویران شہر کا منظر پیش کررہا تھا۔ سڑکیں اور پُل تباہ ہوچکے تھے، بعض جگہ پلوں کے ستون تباہی کی اس داستان کو بیان کررہے تھے۔ معروف جگہیں اور مقامات کھنڈرات بن چکے تھے۔ جدید طرز تعمیر کا شاہکار مضبوط عمارتیں زمین بوس ہوچکی تھیں۔ بعض اپنی بنیادوں سے ہل چکی تھیں تو بعض عمارتیں جل کر راکھ کا ڈھیر بن گئی تھیں۔ پتھر اور لوہے سے بنی ہوئی بعض عمارتیں ایک نظر میں تو بالکل سلامت نظر آرہی تھیں لیکن قریب جاکر دیکھنے سے معلوم ہوا ہے کہ یہ تو ایک راکھ کا مجسمہ ہیں، قبرستان بھی اجڑ چکے تھے اور چرچ اور ٹیمپلز بھی کھنڈرات میں تبدیل ہوگئے تھے۔

تباہی کے بعد کے اثرات

ساڑھے تین لاکھ کی آبادی کے اس شہر کے ایک لاکھ چالیس ہزار مکین تو چند لمحوں میں ہی صفحہ ہستی سے مٹ گئے اور ہمیشہ کے لئے اس المناک کہانی کا کردار بن گئے۔ اور اسی ہزار سے زائد لوگ شدید زخمی حالت میں بےبسی کی تصویر بنے نظر آئے۔

وہ بدقسمت اور بے بس لوگ جو ظاہری طور پر موت کا شکار ہونے سے بچ گئے تھے کئی دنوں تک کسمپرسی کی حالت میں طبی امداد اور پانی کی بوندوں کو ترستے ہوئے زندگی او رموت کی کشمکش میں زندہ رہے۔ ان بچ جانے والے لوگوں کو جاپانی زبان میں Hibakusha کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ صرف یہی لوگ نہیں بلکہ آنے والی نسلیں بھی ایٹمی تابکاری کے اثرات سے محفوظ نہ رہیں اور اب بھی ایسے لوگ دیکھے جاسکتے ہیں جن کے ہاتھ یا پاؤں نہیں۔ کسی کے بال غائب ہیں تو کوئی دماغی طور پر معذور ہے۔

بم دھماکہ کے ساتھ ہی درجہ حرارت دس لاکھ سینٹی گریڈ سے بھی تجاوز کرچکا تھا۔ اس صورتحال نے فوری طور پر بھی اور لمبی مدت کے لیے بھی موسم پر غیر معمولی اثرات چھوڑے۔ عینی شاہدین کے مطابق دھویں اور گرد و غبار کی وجہ سے شفق جس طرح دھندلا رہا اس کو الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ نہ وہ سرخ رنگ تھا نہ سیاہ اور نہ ہی پیلا۔ دھماکہ کے وقت مطلع مکمل صاف تھا اس سانحہ کے فوراً بعد اسی دوپہر کو ہیروشیما کے شہریوں کو ایک خوفناک طوفانی موسلا دھار بارش کا سامنا کرنا پڑا۔

تابکاری کے ریڈیائی اثرات نے دھماکہ سے بچ جانے والے لوگوں اور اردگرد کے علاقوں پر نہایت گہرے اثرات چھوڑے اور کئی دہائیوں تک لوگ جسمانی اور ذہنی بیماریوں کا شکار رہے۔ thyroid leukemia, اور cancer, جیسی مہلک بیماریوں نے ہزاروں انسانوں کو اپنا شکار بنالیا۔

ہیروشیما کے لیے یہ ایٹمی تباہی صرف یہیں پر بس نہ ہوئی بلکہ جو موسمی تبدیلیاں رونما ہوئی تھیں ان کے اثرات لمبا عرصہ نظر آتے رہے۔ اس سانحہ کے تقریباً ایک ماہ بعد ستمبر کے مہینہ میں ہیروشیما میں جاپان کی تاریخ کا بدترین سمندری طوفان آیا۔ ایٹمی تباہ کاری سے بچے ہوئے مکان اور پل اُجڑ گئے ،درخت جڑوں سے اکھڑ گئے اور باقی بچے ہوئے ایک لاکھ لوگوں میں سے تین ہزار لقمہ اجل بن گئے جبکہ ہزاروں لوگ نہایت بری طرح سے زخمی ہوئے۔ یہ اب تک کی جاپان کی تاریخ کا سب سے بدترین طوفان کہا جاتا ہے۔

عینی شاہدین نے اس تباہی کو کس طرح دیکھا؟

اس تباہی میں زندہ بچ جانے والے لوگ جاپانی زبان میں Hibakusha کہلاتے ہیں اور ان کی کتابوں اور انٹرویوز سے متعلق کتابیں چھپی ہوئی ہیں۔ یہ لوگ بیان کرتے ہیں کہ باوجود اس کے کہ اس واقعہ کو نصف صدی سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے اب بھی اس کا تصور ان کے رونگٹے کھڑے کر دیتا ہے۔ جلتی ہوئی لاشیں اور مسخ شدہ انسانی پتلے آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں۔ ان تاثرات میں سے چند ایک لوگ اس کا اظہار اس طرح کرتے ہیں۔

چودہ سالہ Mr Akihiro Takahashi اس بدترین سانحہ کے وقت ڈیڑھ کلومیٹر دور سکول میں صبح کی اسمبلی کے لیے لائن میں کھڑے تھے۔ ڈیڑھ سال تک وہ زیر علاج رہے لیکن ابھی بھی ان کے ہاتھ

اور پاؤں کے ناخن سیاہ ہیں اور کبھی ان میں زخم کی طرح پیپ بھی پڑ جاتی ہے۔وہ بیان کرتے ہیں کہ

''اُس وقت سخت تپش محسوس ہو رہی تھی ایسے لگتا تھا کہ میرا سارا جسم آگ میں جل رہا ہے۔حواس باختہ ہو کر ہم سب ادھر ادھر بھاگ کھڑے ہوئے۔مجھے قریب بہنے والے دریا کا خیال آیا اور اُس طرف کو بھاگ نکلا۔وہاں پہنچا تو پانی بھی ابلتا ہوا محسوس ہو رہا تھا میں ریل کی پٹڑی کے ساتھ ساتھ اپنے گھر کی طرف بھاگ کھڑا ہوا۔اچانک میں نے اپنے ایک دوست کو بھاگتے ہوئے دیکھا تو حیران رہ گیا کہ اس کے جوتے کے تلوے کیوں پھٹ چکے ہیں، یہی نہیں بلکہ اس کے پاؤں بری طرح جھلسے ہوئے ہیں اور اس کے لیے چلنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔میں نے اس کو سہارا دیا اور دوبارہ ہم اپنے گھر کی طرف چل دیے راستہ میں مجھے اپنے چچا اور ان کی بیوی اپنی طرف آتے ہوئے دکھائی دیے اور ان کو دیکھتے ہی میں سکتے میں آگیا اور ان کا جسم اور حالت ایک خاموش کہانی بیان کر رہے تھے۔''

